یزدان نام رکھنا کیسا؟

مجیب: مولانا محمد نوید چشتی عطاری

فتوی نمبر: WAT-2434

تاریخ اجراء: 04 رجب المرجب 1445ھ / 16 جنوری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

یزدان نام رکھنا کیسا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مجوس (آتش پرست / آگ کی پوجا کرنے والوں) کے عقیدے کے مطابق نیکی اور خیر کا الگ خالق ہے، جسے وہ "یزدان" کہتے ہیں اور برائی کا الگ خالق ہے، جسے وہ "اہرمن" کہتے ہیں۔ (الفرق بین الفرق، ص 278، مطبوعہ بیروت)

فیروز اللغات میں یزدان کے یہ معانی درج ہیں: "نیکی اور خیر کا خالق، پارسیوں کا خدا۔" (فیروز اللغات، ص 1533، فیروز سنز لمیٹڈ)

لہٰذا یہ نام رکھنا جائز نہیں ہے۔ بہتر یہ ہے کہ بچے کا اصل نام محمد رکھا جائے تاکہ اسمِ محمد کی برکتیں حاصل ہوں کہ احادیث مبارکہ میں نامِ محمد کی برکات وارد ہوئی ہیں، اور پکارنے کے لیے انبیاء کرام و اولیاء عظام کے ناموں میں سے کسی کے نام پر رکھا جائے، جیسے محمد ابراہیم، محمد عیسی وغیرہ، لہٰذا انبیاء کرام علیہم السلام، صحابہ کرام علیہم الرضوان یا اولیاء عظام علیہم الرحمۃ کے اسماء میں سے کسی نام کا انتخاب کرکے وہ نام رکھ لیں اور بہتر یہ ہے کہ بچی کا نام نبی پاک صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات، بیٹیوں، نانیوں، دادیوں، صحابیات رضی اللہ عنہن اور نیک خواتین کے نام پر رکھا جائے کہ اس کی وجہ سے نام کی برکت اور ان بزرگ ہستیوں کی برکت بھی شامل حال ہو گی۔

کنز العمال میں بحوالہ رافعی عن ابی امامۃ روایت ہے کہ نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: "من ولد له مولود ذكر فسماه محمدا حبالي وتبركا باسمي كان هو ومولوده في الجنة" ترجمہ: جس کے ہاں بیٹا پیدا ہو اور وہ میری محبت اور میرے نام سے برکت حاصل کرنے کے لئے اس کا نام محمد رکھے تو وہ اور اس کا بیٹا دونوں جنت میں جائیں گے۔ (کنز العمال، ج 16، ص 422، مؤسسۃ الرسالۃ، بیروت)

ردالمحتار میں اس حدیث کے تحت ہے:" قال السيوطي: هذا أمثل حديث ورد في هذا الباب وإسناده حسن "ترجمہ: جتنی بھی احادیث اس باب میں وارد ہوئیں، یہ حدیث ان سب میں بہتر ہے اور اس کی سند حسن ہے۔

(ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الحظر والاباحۃ، ج6، ص417، دارالفکر، بیروت)

اور ناموں کے بارے میں تفصیلی معلومات حاصل کرنے کے لئے مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتاب "نام رکھنے کے احکام" کا مطالعہ کیجئے اور درج ذیل لنک سے یہ کتاب ڈاؤن لوڈ بھی کی جاسکتی ہے۔

https://www.dawateislami.net/bookslibrary/ur/naam-rakhnay-kay-ahkam#

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم